DAILY **AGHAZ-E-SAFAR** MULTAN

روزنامہ

# آغازِ سفر ملتان

چیف ایگزیکٹو **محمد ذوالفقار** ایڈیٹر **امتیاز ذوالفقار**

جلد نمبر 9 | جمعرات 24 رجب المرجب 1444ھ 16 فروری 2023ء 05 پھاگن صفحات 8 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 197

## وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کل ملتان پہنچیں گے

### ایڈیشنل چیف سیکریٹری دفتر میں وفاقی محکموں کے سربراہان سے ملاقاتیں کریں گے



ملتان (عوامی رپورٹر) وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی 2 روزہ دورے پر کل دوپہر ملتان پہنچیں گے۔ ریجنل آفس ملتان کے دورہ پر آفسران اور عملہ سے ملاقات کریں گے۔ جمعہ کے روز دوپہر 10:30 بجے ایڈیشنل چیف سیکریٹری ساؤتھ پنجاب کے دفتر میں مختلف وفاقی محکموں کے سربراہان سے ملاقاتیں کریں گے اور عوامی خدمت میں پیش آنے والے مسائل اور دیگر معاملات پر تفصیلی بریفنگ لیں گے۔ بعدازاں کمیٹی روم سرکٹ ہاؤس ملتان میں میڈیا نمائندگان سے خصوصی پریس کانفرنس کریں گے۔

ضلعی آفیسر اطلاعات (تعلقات عامہ)
منڈی بہاؤالدین

روزنامہ "ایکسپریس" گوجرانوالہ
تاریخ 16 FEB 2023

# منڈی بہاؤالدین: انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس نے شکایات سنیں

## عوام کو انصاف فراہم کرنے کی راہ میں رکاوٹ برداشت نہیں کی جائیگی، مشتاق اعوان

منڈی بہاؤالدین (نامہ نگار) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا کے ڈپٹی ایڈوائزر مشتاق احمد اعوان نے مختلف وفاقی محکموں کے خلاف عوامی شکایات منڈی بہاؤالدین کیمپ آفس میں سنیں اور اکثر شکایات پر عوام الناس کو موقع پر ہی ریلیف دلوادیا۔ وفاقی محکموں جن میں گیپکو، سوئی گیس، پاسپورٹ، ای او بی آئی، نادرا، پاکستان بیت المال کے افسران بھی اپنی رپورٹس لے کر موجود تھے۔ انچارج محتسب نے رجسٹرڈ کیسز کی شکایات کی سماعت کی اور بیشتر شکایات کو موقع پر ہی حل کر دیا۔ ڈپٹی ایڈوائزر وفاقی محتسب مشتاق احمد اعوان نے مختلف محکموں کے افسران کو وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی کی جانب سے جاری ہدایات کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بلا تاخیر ریلیف فراہم کیا جائے۔ عوام کو انصاف فراہم کرنے کی راہ میں کسی قسم رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی

ضلعی آفیسر اطلاعات (تعلقات عامہ)
منڈی بہاؤالدین

روزنامہ "جہان پاکستان" گوجرانوالہ
16 FEB 2023

# محتسب ریجنل آفس کی کھلی کچہری، عوام کے مسائل سنے

## مسائل کا فوری حل اور دہلیز پر انصاف مہیا کرنا مشن ہے: مشتاق احمد

منڈی بہاؤالدین ( بیورو رپورٹ ) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے کہا ہے کہ وفاقی محکموں سے متعلق عوامی شکایات کے ازالہ کا بنیادی مقصد عام لوگوں کو گھر کی دہلیز پر ہی انصاف مہیا کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی محتسب کیمپ آفس، کھلی کچہری میں وفاقی محکموں کے متعلق شکایات کے فوری حل کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گیپکو، سوئی گیس، پاسپورٹ، نادرا اور پوسٹل لائف کے افسران بھی موجود تھے۔ سائلین نے مختلف اداروں جن میں گیپکو، سوئی گیس، پاسپورٹ نادرا اور پوسٹل لائف شامل ہیں سے متعلق شکایات پیش کیں۔ انچارج وفاقی محتسب نے سائلین کی درخواستوں اور شکایات کا فرداً فرداً جائزہ لیا اور شکایات کے حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کیے گئے۔ انچارج وفاقی محتسب مشتاق احمد اعوان نے تمام افسران کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام پہنچایا کہ عوام کو بلا تاخیر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

★★★ راولپنڈی، لاہور، گوجرانوالہ، بہاولپور میں پڑھا جانے والا معتبر اخبار ★★★
●●● علم بوجھ ہے ـــــــ بنا عقل کے ●●●
DAILY
NAWA-E-JAMHORIYAT
Lahore / Gujranwala
روزنامہ نوائے جمہوریت لاہور/گوجرانوالہ
چیف ایڈیٹر ضیاء الرحمن بٹ
ایڈیٹر شیخ عقیل ظفر    سب ایڈیٹر راؤ غلام قادر
جلد نمبر: 13 | جمعرات 24 رجب المرجب 1444ھ 16 فروری 2023ء 4 پھاگن 2079ب (صفحات 4 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر: 36

# وفاقی محتسب نے مقامی کمپنیوں کی تیار کردہ گاڑیوں کی قیمتوں میں یک طرفہ اضافے کیخلاف عوامی شکایات پر نوٹس لے لیا

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور کراچی و دیگر شہروں سے ملنے والی متعدد شکایات پر گاڑیوں کی قیمتوں میں من مانی مرضی سے یک طرفہ اضافے کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت صنعت و پیداوار سے 14 دن میں تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ مقامی طور پر گاڑیاں تیار کرنے والی کمپنیوں کی طرف سے آئے روز قیمتوں میں یکطرفہ اضافہ بدانتظامی کے زمرے میں آتا ہے، جس سے خریدار پریشان ہیں۔ ریگولیٹری اتھارٹی ہونے کے ناطے وزارت صنعت و پیداوار کی ذمہ داری ہے کہ وہ گاڑیوں کی قیمتوں کو چیک کرے اور ان کے تعین کے سلسلے میں کوئی میکنزم تیار کرے۔ یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ (ای ڈی بی) کے پاس ایسا کوئی میکنزم نہیں ہے کہ وہ گاڑیوں کی قیمتوں کو ریگولیٹ یا ان کی نگرانی کرے۔ اس صورتحال کے پیش نظر وفاقی محتسب نے عوامی مفاد میں معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت صنعت و پیداوار اور ای ڈی بی سے مفصل رپورٹ طلب کر لی ہے۔ ہے۔

اسلام آباد، لاہور، گوجرانوالہ، کراچی، پشاور، کوئٹہ، مظفر آباد کا نمائندہ اخبار

مخلوق کی کہانی ═══ مخلوق کی زبانی

The Daily MAKHLOOQ

روزنامہ مخلوق

ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر خواجہ سلیم نائیک

سب ایڈیٹر: عمران بھنڈر

dailymakhlooq@gmail.com 0333-8133602

جلد نمبر 19 جمعرات 24 رجب المرجب 1444ھ 16 فروری 2023ء، 4 پھاگن، صفحات 4، قیمت 10 روپے شمارہ نمبر 91

**آج کی اچھی بات**

جس طرح جسم کو بیماری کی موجودگی میں کھانے کی لذت حاصل نہیں ہوتی، اسی طرح گناہوں کی موجودگی میں دل کو عبادت کی لذت محسوس نہیں ہوتی

# وفاقی محتسب نے مقامی کمپنیوں کی تیار کردہ گاڑیوں کی قیمتوں میں یک طرفہ اضافے کیخلاف عوامی شکایات پر نوٹس لے لیا

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور کراچی و دیگر شہروں سے ملنے والی متعدد شکایات پر گاڑیوں کی قیمتوں میں من مانی مرضی سے یک طرفہ اضافے کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت صنعت و پیداوار سے 14 دن میں تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ مقامی طور پر گاڑیاں تیار کرنے والی کمپنیوں کی طرف سے آئے روز قیمتوں میں یکطرفہ اضافہ بدانتظامی کے زمرے میں آتا ہے، جس سے خریدار پریشان ہیں۔ ریگولیٹری اتھارٹی ہونے کے ناطے وزارت صنعت و پیداوار کی ذمہ داری ہے کہ وہ گاڑیوں کی قیمتوں کو چیک کرے اور ان کے تعین کے سلسلے میں کوئی میکنزم تیار کرے۔ یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ (ای ڈی بی) کے پاس ایسا کوئی میکنزم نہیں ہے کہ وہ گاڑیوں کی قیمتوں کو ریگولیٹ یا ان کی نگرانی کرے۔ اس صورتحال کے پیش نظر وفاقی محتسب نے عوامی مفاد میں معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت صنعت و پیداوار اور ای ڈی بی سے مفصل رپورٹ طلب کر لی ہے۔ ہے۔

امید، محبت اور عوام دوستی ہم وطنوں کیلئے قائداعظم کا پیغام

DAILY QUAID PESHAWAR ISLAMABAD

روزنامہ قائد

پشاور / اسلام آباد

چیف ایڈیٹر سوار نسیم

Member APNS
Member CPNE

ABC CERTIFIED

پشاور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

جلد نمبر 35 | بروز جمعرات 16 فروری 2023ء 24 رجب المرجب 1444ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 47

# گاڑیوں کی قیمتوں میں اضافہ، وفاقی محتسب نے رپورٹ طلب کرلی

## مالی سال کے 7 ماہ کے دوران ملک میں کاروں کی فروخت میں 43 فیصد کی ریکارڈ

لاہور/ اسلام آباد (یو این پی) وفاقی محتسب نے گاڑیوں کی قیمتوں میں یک طرفہ اضافے کیخلاف عوامی شکایات پر نوٹس لے لیا۔ وفاقی محتسب نے مقامی کمپنیوں کی تیار کردہ گاڑیوں کی قیمتوں میں یک طرفہ اضافے کیخلاف عوامی شکایات پر نوٹس لے لیا جب کہ وزارت صنعت و پیداوار اور انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ سے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی گئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

بقیہ نمبر 54 وفاقی محتسب

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے شائع خبروں اور کراچی و دیگر شہروں سے ملنے والی متعدد شکایات پر گاڑیوں کی قیمتوں میں من مرضی سے یک طرفہ اضافے کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت صنعت و پیداوار سے 14 دن میں تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ نوٹس میں کہا گیا کہ مقامی طور پر گاڑیاں تیار کرنے والی کمپنیوں کی طرف سے آئے روز قیمتوں میں یکطرفہ اضافہ بدانتظامی کے زمرے میں آتا ہے جس سے خریدار پریشان ہیں۔ دوسری جانب جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ کے دوران کاروں کی فروخت میں گزشتہ مالی سال کے اسی عرصہ کے مقابلہ میں 43.12 فیصد کی واقع ہوئی ہے۔